ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - 5th Class Urdu Chapter 23 Short Questions

Q1. دونوں مرغوں کا حلیہ بیان کریں.

Ans 1: ایک مرغے کی دم کالی تھی اور چونچ نرالی تھی. وہ پتلون ، نیکر اور انگریزی ٹوپی پہنتا تھا. کیک اور بسکٹ کھاتا تھا. دوسرے کی دم لال تھی اور اس کی چال نرالی تھی. وہ شلوار اور دستار پہنتا تھا. کھانے میں نان اور پان کھاتا تھا.

Q2. شالامار باغ کہاں واقع ہے.

Ans 1: شالامار باغ لاہور میں واقع ہے.

Q3. ٹوٹ بٹوٹ کے مرغوں کے نام کیا تھے.

Ans 1: گیٹو اور گٹار تھے.

Q4. دونوں مرغے جب شہر کو نکلے تو کہاں پہنچے.

Ans 1: وہ پہلے سبزی منڈی پہنچے اور پھر لنڈے بازار

Q5. شالامار باغ میں موجود فواروں کی تعداد کتنی ہے.

Ans 1: شالامار باغ میں موجود فواروں کی تعداد 410 ہے.

Q6. اس نظم سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے.

Ans 1: اس نظم سے ہمیں یہ اخلاقی سبق ملتا ہے کہ ہمیں آپس میں لڑنا جھگڑنا نہیں چاہیے کیوں کہ لڑنے جھگڑنے کا انجام برا ہوتا ہے.

Q7. اس نظم کے شاعر کون ہے.

Ans 1: اس نظم کے شاعر صوفی غلام مصطفی تبسم ہے

Q8. سبق کا مرکزی خیال لکھیں.

Ans 1: آپس میں لڑنا جھگڑنا نہیں چاہیے. کیوں کہ آپس میں لڑنا جھگڑنا بری بات ہے اس سے دونوں کا نقصان ہوتا ہے اس لیے ہمیں اپنے دوستوں کا خیال رکھنا چاہیے.

Q9. شہر جاتے ہوئے دونوں کے پاس کتنی رقم تھی.

Ans 1: دونوں کے پاس چار آنے تھے.

Q10. لڑائی سے دونوں مرغوں کا کیا نقصان ہوا.

Ans 1: ایک مرغے کے پنجے ٹوٹ گئے اور دوسرے مرغےکی ٹانگ ٹوٹ گئی.